سوال

عورت کا سفید قمیص یا سفید پاجامہ پہننا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عورت کو سوائے پردہ والی چادر کے سفید پاجامہ یا قمیص پہننا جائز ہے۔ ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عورت کو اپنی وضع ایسی نہیں بنانی چاہیے کہ مرد معلوم ہو۔ کیونکہ عورت کو مرد کی مشابہت منع ہے۔ جیسے مرد کو عورت کی مشابہت منع ہے۔ کپڑے کے رنگین یا غیر رنگین کا عورت میں کوئی امتیاز نہیں۔ اگر ایسا ہوتا تو مرد کو رنگین منع ہوتا حالانکہ مرد کو منع نہیں۔ صرف خالص سرخ میں اختلاف ہے۔ پس عورت کے پردہ کی چادر میں اور دوسرے لباس میں فرق کی کوئی وجہ نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اہلحدیث

کتاب الطہارت، ستر کا بیان، ج2ص18